# 4051 - چھوٹے سےبچے نے گمشدہ سونے کا ٹکڑا اٹھالیا

**سوال**

ہم ساحل سمندر پر تھے کہ میرے بیٹے نے مجھے ایک چمکدار چیز دی جوکہ سونےکا ٹکڑا تھا ہم اس کا کیا کریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

جب چھوٹا بچہ یا پھر کم عقل اورمجنون کوئي گمشدہ چیز اٹھالے تواس کی جگہ اس کا ولی اس کا اعلان کرے گا اورضروری ہے کہ وہ ان سے وہ چیز لے لے اس لیے کہ وہ دونوں امانت اورحفاظت کے اہل نہیں ہیں ، اوراگرولی وہ چیز بچے اورمجنون کے پاس ہی رہنے دے اوروہ چیز ضائع ہوجائے تو اس پر ضمان ہوگی اوراسے ادا کرنی ہوگی .

اوراگر ولی اس کا اعلان کرتا ہے اورمدت گزرنے کےبعد بھی مالک نہیں آتا تووہ چیز ان دونوں کی ہے ... جیسا کہ بڑے اورعقل مند کا حق ہے اسی طرح ان دونوں کوحاصل ہوگی ۔

لقطہ اورگمشدہ اشیاء کے احکام کی تفصیل سوال نمبر ( 5049 ) میں گزر چکی ہے آپ وہاں دیکھ سکتے ہیں ۔

واللہ اعلم .